السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

بسم الله الرحمن الرحیم

باذن الله تعالیٰ

Lecture by Ustaza Dr. Farhat Hashmi 📚

📚 Minhajul Qasideen

📚 Lesson # 94

📚 Topic:- Tawbah key liye mujahida

📚 Duration:- 18:49 Minutes ⏰

📚 📆 Monday, 18th December 2017

🎋📚🎋📚🎋📚🎋📚🎋

*🎋 کتاب المنجیات حصہ اول*

*🎋فصل ششم*

*🎋توبہ کے لیے مجاھدہ*

🎋مجاھدہ کا مطلب ہے کہ اپنے آپ سے جہاد کرنا اور کوشش کرنا

🎋 صحیح توبہ کی شرط ہے کہ مصمم ارادہ کرے کہ آئندہ ایسا گناہ نہیں کرے گا ۔

🎋توبہ کرنے والے کو چاہیے کہ ابتدائی حالت میں عُزلَت، خاموشی ، تھوڑا کھانے اور تھوڑا سونے کی عادت ڈالے یہ تمام چیزیں اس کے نفس کے خلاف ہیں ۔

🎋حلال کھانے کا اہتمام کرے اور پسندیدہ لباس ترک کر دے

🎋 بعض نے کہا جو شخص خواہش چھوڑنے میں سچا ہو اور سات مرتبہ اپنے نفس سے جہاد کر لے تو وہ آئندہ گناہ نہ کرے گا

🎋 یہ بھی کہا گیا کہ جو کسی گناہ سے توبہ کر لے اور اس پر سات سال تک استقامت رکھے تو وہ دوبارہ اس گناہ کو نہ کرے گا

🎋توبہ میں لوگ 4 قسم کے ہیں

🎋1️⃣پہلی قسم وہ تائب ہیں جو آخری عمر تک اپنی توبہ پر قائم رہیں اپنی کوتاہی کا تدارک کریں یہ توبہ پر استقامت ہو گی اور

یہ توبتہ النصوح ھے اور یہ *نفس مطمئنہ* ھے۔

📲 یہ لوگ درجات و اوصاف کے لحاظ سے مختلف ہیں ۔بعض علم معرفت سے مجاہدہ کو زیر کر لیتے ہیں اور بعض نفس سے جھگڑتے رہتے ہیں

📲2️⃣دوسری قسم ان توبہ کرنے والوں کی ھے جو بنیادی اطاعتوں کی ادائیگی اور کبیرہ گناہوں سے پرہیز کرتے رہیں یہ بھی استقامت ھے ۔ان سے بھی گناہ ھو جاتے ہیں مگر بغیر ارادے کے اور گناہ کے بعد اپنے آپ کو ملامت کرتے ہیں یہ *نفس لوامہ* ہے

*📲 مفہوم القرآن*
وہ جو گناہوں اور بے حیائی سے بچتے ہیں ماسوائے صغیرہ گناہوں کے تو تیرا رب بڑی وسیع بخشش والا ہے

*📲مفہوم حدیث*
آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی توبہ کرنے والے گناہ گار مومن کو پسند کرتا ہے

📲3️⃣تیسری قسم یہ کہ توبہ کرے اور ایک مدت گناہ سے باز رہے اور پھر اس میں ملوث ھو جائے کہ نیکیوں پر ہمیشگی کرنے اور طاقت ہوتے ہوئے گناہوں سے پرہیز کرنے کا ارادہ باقی ھو اس کا دل چاہے کہ اگر اللہ سبحان و تعالٰی اسکو طاقت دے تو برائی کو اکھاڑ پھینک دے نیز یہ کہ اسکی برائی کا کفارہ ھو ۔گناہ پر نادم ھو اور اپنے نفس کو گناہ سے توبہ کرنے پر تیار کرے تو اس نفس کا نام *مسؤلتہ* ھے ۔

📲 ان کا معاملہ اطاعت پر ہمیشگی کرنے اور گناہوں سے کراہت کی بنا پر پرامید ھے۔

📲 بسا اوقات توبہ سے پہلے موت ھو جاتی ہے اور یہ کہ
*▪اعمال کا دارومدار خاتمے پر ھے*

🔹 انسان کو چاہیے کہ انسان اپنے ہر سانس کی حفاظت کرے اور منہیات کے ارتکاب سے پرہیز کرے۔

📲4️⃣چوتھی قسم یہ ہے کہ توبہ کرے اور ایک مدت تک استقامت رکھے لیکن پھر گناہ کی طرف لوٹ جائے اور پھر نہ توبہ کا خیال آئے اور نہ غم ھو تو یہ اصرار کرنے والوں میں سے ھے اور یہی *نفس امارہ* ھے ۔

📲ایسے شخص کا خاتمہ بالخیر نہیں ھوتا تاھم اگر اس کی موت توحید پر ھوئی تو اس کے لیے دوزخ سے نجات کی امید ہے اگرچہ کچھ مدت بعد ھو یا کسی مخفی بات کی وجہ سے بخشش ھو جائے لیکن اس پر بھروسہ کر لینا درست نہیں۔

📲📚📲📚📲📚📲📚📲

📲 Kitab Al Manjiyaat hissa Awwal**

📲 *Fasl e hashtam*

📲 *Tawbah key liye mujahida*

📲 Mujahida ka matlab hai key apney ap sey jihad kerna aur koshish kerna.

🚏 Sahih tawbah ki shart hai key musam'mam irada kery key ayinda aisa gunah nahi karega.

🚏 Tawbah kerney waley ko chahiye key ibtedayi halat main uzlat, khamoshi, thora khaney aur thora soney ki adat daley yeh tamam cheezein iss key nafs key khilaf hain.

🚏 Halal khaney ka ehtemam karey aur pasandeedah libas tark ker dey.

🚏 Ba'az ney kaha jo shakhs khawahish chorney main sacha ho aur 7 martaba apney nafs sey jihad ker ley tu woh ayinda gunah na karey ga.

🚏 Yeh bhi kaha gaya key jo kisi gunah sey tawbah ker ley aur iss per 7 sall tak isteqamat rakhey tu woh dobara iss gunah ko na karega.

🚏 Tawbah main 4 qism key log hain

🚏1️⃣ Pehli qism woh taayib hain jo akhri umer tak apni tawbah per qayem rahein apni kutaahi ka tadaruk karein. Yeh tawbah per isteqamat hogi aur yeh tawbah tun nasooh hai aur yeh *nafs mutma'ina* hai.

🚏 Yeh log darjaat o awsaaf key lehaz sey mukhtalif hain. Ba'az ilm e ma'rifat sey mujahida ko zair ker letey hain aur ba'az nafs sey jhagartey rehtey hain.

🚏2️⃣ Dosri qism in tawbah kerney walon ki hai jo buniyadi ata'aton ki adayegi aur Kabeerah gunahon sey perhaiz kertey rahein yeh bhi isteqamat hai. In sey bhi gunah ho jatey hain magar beghair iradey key aur gunah key baad apney app ko malamat kertey hain. Yeh *nafs e Lawwama* hai.

🚏 *Mafhoom Al Quran*
Woh jo gunahon aur behayi sey bachtey hain maa siwaye Sagheerah gunahon key tu tera Rab bari was'ee bakhshish wala hai.

🚏 *Mafhoom e Hadees*
App ﷺ ney farmaya key Allah Ta'ala tawbah kerney waley gunah gaar mumin ko pasand kerta hai.

🚏3️⃣ Teesri qism yeh key tawbah karey aur aik muddat gunah sey baaz rahey aur phir iss main mullawis ho jaye key naikiyon per hameshgi kerney aur taqat hotey hue gunahon sey perhaiz kerney ka irada baqi ho iss ka dil chahey key ager Allah SWT iss ko taqat dey tu burayi ko ukhaar phaink dey neez yeh key iss ki burayi ka kaffarah ho, gunah per naadam ho aur aur apney nafs ko gunah sey tawbah kerney per teyar karey tu iss nafs ka naam *mas'olah* hai.

🚏 In ka muamla ata'at per hameshgi kerney aur gunahon sey karahat ki bina per ummeed hai.

🚏 Basa awqaat tawbah sey pehley mout ho jati hai aur yeh key ▪️ *Amaal ka dar o madaar khatmey per hai.*

🔹 Insan ko chahiye key apni her sans ki hifazat karey aur munhiyaat key irtekaab sey perhaiz karey.

🚏4️⃣ Chothi qism yeh hai key tawbah karey aur aik muddat tak isteqamat rakhey lekin phir gunah ki traf lout jaye aur phir na tawbah ka kheyal aye aur na gham ho tu yeh israr kerney walon main sey hai aur yehi *nafs Ammarah* hai.

🚏 Aisey shakhs ka khatima bil khair nahi hota taa'ham ager iss ki mout tawheed per hui tu iss key liye dozakh sey nijat ki ummeed hai ager cha kuch muddat key baad ho ya kisi makhfi baat .ki wajah sey bakhshish ho jaye lekin iss per bharosa ker lena darust nahi

🚏📚🚏📚🚏📚🚏📚🚏